© rasailojaraid.com



### متعدد طریقہ ہائے علاج کا بیک وقت استعمال:

ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ علاج کے معاملہ میں حضرت مسیح موعود کا طریق تھا کہ کبھی ایک قسم کا علاج نہ کرتے تھے بلکہ ایک ہی بیماری میں انگریزی دوا میں دیتے رہتے تھے اور ساتھ ساتھ یونانی بھی دیتے جاتے تھے پھر جو شخص مفید بات کہہ دے اس پر بھی عمل فرماتے تھے اور اگر کسی کو خواب میں کچھ معلوم ہو تو اس پر بھی عمل فرماتے تھے پھر ساتھ ساتھ دیا بھی کرتے تھے اور ایک ہی وقت میں ڈاکٹروں اور حکیموں کے مشورے بھی لیتے تھے اور طب کی کتاب دیکھ کر بھی علاج میں مدد لیتے تھے غرض علاج کو ایک عجیب رنگ کا مرکب بنا دیتے تھے اور دراصل بھروسہ آپ کا خدا پر ہوتا تھا۔ (سیرت المھدی جلد سوم ص 280 روایت نمبر 902 طبع قدیم)

مذکورہ حوالہ کے آخری جملہ سے ہمیں ایک لطیفہ یاد آیا کسی شخص نے اپنے بھائی کو خط لکھا کہ والدہ بیمار ہے، والد کا بازو ٹوٹ گیا ہے۔ بھینس چوری ہوگئی، خالو کا آپریشن ہوا ہے، خالہ فوت ہوگئی ہے، بہن چھت سے گری ہے، چھوٹا بھائی امتحان میں فیل ہو گیا ہے باقی سب خیریت ہے۔ (جاری ہے)

☆......☆......☆

## مسافرانِ آخرت

☆ ہمارے دیرینہ ہم فکر جناب ندیم عمر (برمنگھم) کی والدہ ماجدہ 4 اور 5 اگست کی درمیانی رات لاہور میں انتقال کر گئیں ☆ چیچہ وطنی کے قدیم رفیق جناب قاضی بشیر احمد کے بہنوئی، قاضی عبدالقدیر کے ماموں جان اور حافظ رحیم بخش (ملتان) کے سُسر حافظ محمد عطاء اللہ (چک نمبر 12-8 آر، مخدوم پور پہوڑاں) 20 اگست پیر کو انتقال کر گئے ☆ چیچہ وطنی: ہمارے معاون چودھری محمد عمران بلاک نمبر 12 کے چچا چودھری محمد افضل 26۔ اگست، اتوار کو روڈ حادثے میں انتقال کر گئے ☆ چیچہ وطنی: ہمارے ہم فکر ساتھی جناب شاہ بہرام کے ماموں محمد فلک شیر (20۔11 ایل) 11۔ اگست کو انتقال کر گئے ☆ مجلس احرارِ اسلام چشتیاں کے امیر جناب علی اصغر کے سُسر جناب علاء الدین 22/ اگست 2018ء کو انتقال کر گئے ☆ ملتان میں ہمارے مخلص ساتھی و معاون جناب قاری محمد شریف کے بڑے بھائی جام غلام فرید صاحب 27/ اگست 2018ء انتقال کر گئے۔

اللہ تعالیٰ سب مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ آمین



© rasailojaraid.com